# واوالِاشبَاع

Wawul Ishbaa

فعل ماضی متعدی میں جب صرف "جمع مذکر حاضر" کا صیغہ متّصل ضمیر (تُم) فاعل بن کر آتا ہے، اور مفعول بہ بھی متّصل ضمیر استعمال ہو رہی ہو تو فاعل متّصل ضمیر (تُم ) کے بعد اور مفعول بہ ضمیر سے پہلے دونوں ضمائر کے درمیان میں "واو "کا اضافہ کیا جاتا ہے۔اس واو کے اضافے کی وجہ دو متصلہ ضمائر کا اکھٹا آنا ہے۔اس سے معنی میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔

When Plural Masculine Second person attached pronoun (تُمْ) occurs as a doer (فاعل) of a transitive verb in its past tense form and the object ( مفعول به) is also an attached pronoun, a واو is used in between the two pronouns in order to join them. The reason for adding this واو is the occurrence of two attached pronouns together. It does not have any change in meanings.

اس واو کو "واوالِاشبَاع" کہتے ہیں۔الِاشبَاع کا معنی ہے "بڑھانا"

This واو is called واوالِاشبَاع. الِاشبَاع means to increase.

كَتَبْ + تُمْ + وْ + هُ = كَتَبْتُمُوْهُ (تم سب نے لکھا اُس کو (You all wrote It.

كَتَبْ : فعل ماضی

تُمْ : ضمير مرفوع متصل فاعل

وْ: واوالِاشبَاع

هُ : ضمير منصوب متصل مفعول به

كَتَبْتُمُ الدَّرْسَ: (تم سب نے درس لکھا (You all wrote the lesson

كَتَبْ : فعل ماضی

تُمْ : ضمير مرفوع متصل فاعل

الدَّرْسَ : مفعول به

**نوٹ**: جب ضمیر "تُمْ "کے بعد" واو" کا اضافہ کیا جاتا ہے یا ہمزۃالوصل آتا ہے تو" تُمْ "ضمیر کے میم پر سکون کی جگہ "ضمّۃ" لگادیا جاتا ہے۔

Note: When واو is added after the pronoun (تُمْ , or Hamzatul Wasal occurs after it then a Dammah is given to the Meem of pronoun تُمْ.


© copy rights reserved